10780 ـ بھول کر بغیر وضوء نماز ادا کر لی

سوال

میں نے بھول کر بغیر وضوء ہی نماز ادا کر لی، اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد یاد آیا کہ میں نے تو وضوء ہی نہیں کیا، کیا مجھے نماز لوٹانا ہو گی ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جی ہاں جو شخص بھول کر بے وضوء نماز ادا کر لے اس کے لیے دوبارہ نماز ادا کرنا واجب ہے، کیونکہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی کہتے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" اللہ تعالی تم میں سے کسی بے وضوء کی وضوء کیے بغیر نماز قبول نہیں فرماتا "

صحیح بخاری کتاب الوضوء حدیث نمبر (133).

بخلاف اس شخص کے جس نے کسی نجس اور پلید کپڑے میں بھول کر نماز ادا کر لی تو اس پر نماز کا اعادہ نہیں ہو گا اور وہ نماز نہیں لوٹائےگا، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جبریل امین تشریف لائے اور انہیں بتایا کہ آپ کے جوتے میں گندگی لگی ہوئی ہے، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں ہی جوتے اتار کر باقی ماننده نماز ادا کر لی "

اس حدیث کو امام احمد نے مسند احمد میں ابو سعید خدری سے روایت کیا ہے.

یہ اس بات کی دلیل ہے کہ نجاست سے جاہل شخص کو نماز دوبارہ ادا کرنے کا حکم نہیں دیا جائیگا، اور اسی طرح بھولے ہوئے شخص کو بھی.